روزنامہ
CPL 61
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Ph: 0092 4524 213029
ہفتہ 7 اکتوبر 2000ء - 8 رجب 1421 ہجری - 7 اخاء 1379 ہش جلد 50-85 نمبر 229

## قادر خدا

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کہا یارسول اللہ قیامت کے دن کافر کو چہرے کے بل کیسے اٹھایا جائے گا۔ حضورؐ نے فرمایا وہ خدا جو اس دنیا میں پاؤں پر چلاتا ہے کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ قیامت کے دن چہرے کے بل چلائے۔

(صحیح مسلم کتاب صفة القیامه باب یحشر الکافر ۔ حدیث 5020)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

### اللہ تعالیٰ کی صفت قادر و کریم کا اقتضاء

اللہ تعالیٰ کی دو صفتیں بڑی قابل غور ہیں اور ان صفات پر ایمان لانے سے بھی امید وسیع ہوتی اور مومن کا یقین زیادہ ہوتا ہے۔ وہ صفات اس کے قادر اور کریم ہونے کی ہیں۔ جب تک یہ دونوں باتیں نہ ہوں۔ کوئی فیض نہیں ملتا ہے دیکھو اگر کوئی شخص کریم تو ہو اور اس کے پاس ہو تو ہزاروں روپیہ دے دینے میں بھی اسے تامل اور دریغ نہ ہو لیکن اس کے گھر میں کچھ بھی نہ ہو تو اس کی صفت کریمی کا کیا فائدہ؟ یا اس کے پاس روپیہ تو بہت ہو مگر کریم نہ ہو پھر اس سے کیا حاصل؟ مگر خدا تعالیٰ میں یہ دونوں باتیں ہیں وہ قادر ہے اور کریم بھی ہے اور ان دونوں صفتوں میں بھی وہ وحدہ لاشریک ہے۔

پس جب ایسی قادر اور کریم ذات کے ساتھ کوئی کامل تعلق پیدا کرے تو اس سے بڑھ کر خوش قسمت کون ہوگا؟ بڑا ہی مبارک اور خوش قسمت ہے وہ شخص جو اس کا فیصلہ کرے۔

بیمار اگر طبیب کی پوری اطاعت نہیں کرتا تو اس سے کیا فائدہ؟ ایک عارضہ نہیں تو دوسرا اس کو لگ جائے گا اور وہ اس طرح پر تباہ اور ہلاک ہوگا۔ دنیا میں اس قدر آفتوں سے انسان گھرا ہوا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ ہی کا فضل اس کے شامل حال نہ ہو اور اس کے ساتھ سچا تعلق نہ ہو تو پھر سخت خطرہ کی حالت ہے۔

پنجابی میں بھی ایک مصرعہ مشہور ہے

جے توں میرا ہو رہیں سب جگ تیرا ہو

یہ من کان للہ کان اللہ لہ ہی کا ترجمہ ہے۔

جب انسان خدا تعالیٰ کا ہو جاتا ہے تو پھر کچھ شک نہیں۔ ساری دنیا اس کی ہو جاتی ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 596)

## احباب کرام سے ضروری گزارش

○ شعبہ امداد طلباء سے اس وقت ان ضرورت مند طلباء و طالبات جو پرائمری، سیکنڈری اور کالج Level پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں کی فیسوں، کتب وغیرہ کے سلسلہ میں ہر ممکنہ امداد بطور وظائف کی جاتی ہے۔

گزشتہ دو تین سالوں میں فیسوں اور کتب و نوٹ بکس کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہونے کی وجہ سے اس شعبہ پر غیر معمولی بوجھ ہے۔ چونکہ یہ شعبہ مشروط بامد ہے اس لئے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس نیکی کے کام میں زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کی کوشش کریں۔ نیز امراء صاحبان سے بھی درخواست ہے کہ وہ گاہے بہ گاہے احباب کی توجہ اس طرف مبذول کروائیں۔

یہ رقم بمد امداد طلباء خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں جمع کروا سکتے ہیں۔ براہ راست نگران امداد طلباء معرفت نظارت تعلیم کو بھی یہ رقوم بھجوائی جاسکتی ہیں۔

(نگران امداد طلباء)

## کلاس معلمین وقف جدید

○ ایسے نوجوان جو میٹرک پاس ہوں اور خدمت دین کا شوق اور جذبہ رکھتے ہیں۔ وہ بطور معلم وقف جدید زندگی وقف کریں اور اپنی درخواستیں درج ذیل کوائف مقامی صدر صاحب کی تصدیق کے ساتھ 15۔نومبر 2000ء تک دفتر وقف جدید میں پہنچانے کا انتظام کریں۔

نام۔ ولدیت۔ سکونت۔ تعلیم۔ میٹرک سند کی فوٹو کاپی۔ دینی تعلیم۔ عمر۔ تاریخ بیعت۔ جماعتی خدمت۔ درخواست دہندہ کا میٹرک میں کم از کم "C" گریڈ یا سیکنڈ ڈویژن ہونا لازمی ہے

انٹرویو مورخہ 20۔نومبر 2000ء بروز سوموار بوقت 9 بجے صبح دفتر وقف جدید میں ہوگا۔

میٹرک کی اصل سند ہمراہ لاویں۔

(ناظم ارشاد وقف جدید)

سچ ہے کہ جو خدا کا ہو جاتا ہے خدا اس کا ہو جاتا ہے

(حضرت مسیح موعود)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 128)

## ایک تحریر جس نے وجد طاری کردیا

حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کے پر شوکت خطبہ جمعہ یکم مئی 1903ء سے قوت یقین سے لبریز اقتباس:۔

"میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس دلیل پر میں نے بہت غور کیا ہے اور ایک لذت کے ساتھ میں نے دیکھ لیا ہے کہ یہ خدا کی طرف سے ہے۔ کیونکہ وہ قوت بیان اور شوکت کلام جو اس کے دعویٰ میں ہے وہ کسی مفتری کے الفاظ میں ہو نہیں سکتی حضرت موعود کا خلوت میں جلوت میں تقریر میں تحریر میں بار بار کہنا کہ میں اللہ کی طرف سے ہوں مفتری نہیں ہوں۔ میرے نزدیک لاانتہا معجزات اور خوارق اس کے اسی ایک جملے کے اندر موجود ہیں۔ اپنی صداقت اور ماموریت پر کیسا یقین اور بصیرت ہے کہ مخالفوں کی مخالفت کی پرواہ نہیں کرتا کسی تکلیف اور مصیبت سے نہیں ڈرتا اور پکار کر کہتا ہے کہ میں خدا کی طرف سے ہوں۔ یہ دعویٰ چھوٹا سا دعویٰ نہیں معمولی آدمی جو مفتری ہو وہ نہیں کر سکتا۔ اس کے دعویٰ میں یہ قوت یہ شوکت کہاں دل تھرا اٹھتا ہے جب آدمی اس امر کا بھی تصور کرے کہ خدا پر افترا کر سکتا ہے۔ میں اس وقت بڑی بلند آواز سے تلوار سے بھی زیادہ تیز زبان کے ساتھ جو گویا سان پر لگائی گئی ہے بولتا ہوں۔"

بعد ازاں آپ نے نہایت جوش بھرے الفاظ میں ارشاد فرمایا:۔

"میں حضرت مسیح موعود سے (خدا تعالیٰ کی رحمتیں، نصرتیں اور برکات اس پر آن کی آن میں بارش کی طرح برستی رہیں) ہزاروں ہزار مرتبہ سن چکا ہوں کہ میں خدا کی طرف سے مامور ہو کر آیا ہوں اور بارہا آپ نے خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہا کہ میں اس کی طرف سے آیا ہوں۔ میری روح لذت کے ساتھ بھر جاتی اور یہ فقرہ سیراب کرتا ہوا میرے دل پر اترتا ہے۔ جب میں اس کے منہ سے سنتا ہوں مبارک ہونٹوں کا ان الفاظ کے کہنے کے لئے ہلنا ہی، ہزاروں ہزار دلائل میرے سامنے پیش کر دیتا ہے اور ایک جرار لشکر نشانات اور معجزات کے اس ایک جملہ کے ساتھ اترتا ہوا دیکھتا ہوں مجھے یاد ہے کہ ایک بار ہندوستان سے ایک شخص نے خط لکھا کہ میں آپ سے دلیل نہیں مانگتا آپ کو اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ آپ صرف اپنے ہاتھ سے لکھ دیں کہ کیا آپ وہی مسیح موعود ہیں جس کی نسبت بشارت دی گئی تھی۔ حضرت نے قلم لے خدا کی قسم کھا کر لکھا کہ میں وہی ہوں جس کا وعدہ کیا گیا تھا۔ اگرچہ میں آپ کی اس تحریر سے پہلے بھی علیٰ وجہ البصیرت آپ کو سچا (مامور) مانتا ہوں لیکن اس تحریر کو پڑھ کر ایک حالت وجد مجھ پر تھی اور میں سرور سے بھرا ہوا تھا۔ کہ کس قدر بصیرت اور شعور اس کو اپنی سچائی پر ہے۔"

(الحکم 10 مئی 1903ء صفحہ 11 کالم 1-2)

## ایک طالب صادق کو عارفانہ مکتوب

بخدمت اخویم مکرم مولوی محمد بشیر صاحب

بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ عنایت نامہ جس کا لفظ لفظ اخلاص و تقوےٰ سے بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ لدھیانہ میں مجھ کو ملا مگر چونکہ میں اتفاقاً ضلع علی گڑھ کی طرف چلا گیا تھا اور پھر واپس آکر 19/ اپریل 89ء کو قادیان کی طرف چلا آیا اس لئے جواب لکھنے سے مجبور رہا۔ جو کچھ آپ نے لکھا ہے بالکل سچ لکھا ہے جس سے خلوص اور طلب حق کی بو آتی ہے اللہ جلشانہ نے قرآن مجید میں اولیاء اللہ کی پانچ علامتیں لکھی ہیں۔ جب تک وہ پانچوں علامتیں کسی میں نہ پائی جائیں تب تک وہ ولی اللہ نہیں ہو سکتا اور قبل اس کے جو کسی کی ولایت کو شناخت کیا جائے اس سے بیعت کرنا جائز نہیں۔ لیکن اولیاء اللہ کو شناخت کرنا ہر ایک آنکھ کا کام نہیں...... کچھ شک نہیں کہ اولیاء اللہ میں خوارق و آیات بینات پائی جاتی ہیں۔ لیکن جب تک خدا تعالیٰ نہ چاہے وہ موجب ہدایت نہیں ہو سکتے۔ ہاں جو شخص یہ چاہتا ہے کہ کسی ولی کے خوارق و آیات پر اطلاع پاوے اس پر لازم ہے کہ دو طریقوں میں سے ایک طریق اختیار کرے۔

(1) یا یہ کہ نہایت درجہ کا دوست بن جاوے

(2) یا یہ کہ نہایت درجہ کا دشمن بن جاوے کیونکہ جب تک دوستی یا دشمنی انتہا تک نہ پہنچے تب تک اس قوم کے خواص معلوم نہیں ہو سکتے۔

آپ جو طالب صادق ہیں امید ہے کہ دوستی میں ترقی کریں گے خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو اور اپنی طرف سے قوت و بصیرت بخشے۔ آمین ثم آمین

والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ
خاکسار غلام احمد عفی عنہ
24- اپریل 89ء

(الحکم 30 جون 1903ء صفحہ 4)

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

پاکستانی وقت کے مطابق

### جمعرات 12/ اکتوبر 2000ء

12-35 a.m. فرانسیسی پروگرام
1-00 a.m. اطفال سے ملاقات
(ریکارڈ: 4/ اکتوبر 2000ء)
2-00 a.m. ہینڈی کرافٹ نمائش
2-25 a.m. ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 133
3-30 a.m. اردو اسباق نمبر 21
4-05 a.m. تلاوت۔ خبریں
4-35 a.m. چلڈرنز کارنر
5-05 a.m. لقاء مع العرب
6-05 a.m. اطفال سے ملاقات
7-10 a.m. اردو کلاس۔ نمبر 463
8-30 a.m. اردو اسباق نمبر 21
8-55 a.m. ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 133
10-05 a.m. تلاوت۔ خبریں
10-45 a.m. چلڈرنز کارنر
11-15 a.m. سندھی پروگرام
12-10 p.m. ہینڈی کرافٹ نمائش
12-30 p.m. لقاء مع العرب
1-35 p.m. اردو کلاس۔ نمبر 463
2-55 p.m. انڈونیشین سروس
4-05 p.m. تلاوت۔ خبریں
4-35 p.m. ترکی سیکھئے
5-05 p.m. لقاء مع العرب
6-05 p.m. بنگالی سروس
7-10 p.m. ہومیوپیتھی کلاس نمبر 162
8-10 p.m. چلڈرنز کارنر
8-55 p.m. جرمن سروس
10-05 p.m. تلاوت
10-10 p.m. اردو کلاس۔ نمبر 464
11-40 p.m. لقاء مع العرب

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

### جمعہ 13/ اکتوبر 2000ء

12-40 a.m. ایم ٹی اے لائف سٹائل
1-00 a.m. تبرکات: جلسہ سالانہ 1973ء ربوہ پر مولانا عبدالمالک خان صاحب کا خطاب
1-50 a.m. کوئز۔ تاریخ احمدیت
2-25 a.m. ہومیوپیتھی کلاس
3-30 a.m. ترکی سیکھئے
4-05 a.m. تلاوت۔ درس الحدیث۔ خبریں
4-30 a.m. چلڈرنز کارنر
4-50 a.m. لقاء مع العرب
5-55 a.m. تبرکات
6-45 a.m. اردو کلاس۔ نمبر 464
8-10 a.m. ایم ٹی اے لائف سٹائل
8-25 a.m. ترکی سیکھئے
8-55 a.m. ہومیوپیتھی کلاس نمبر 162
10-05 a.m. تلاوت۔ درس الحدیث۔ خبریں
10-40 a.m. چلڈرنز کارنر
11-00 a.m. کوئز۔ تاریخ احمدیت
11-35 a.m. سرائیکی پروگرام
12-30 p.m. لقاء مع العرب
1-30 p.m. اردو کلاس نمبر 464
2-55 p.m. انڈونیشین سروس
3-25 p.m. بنگالی سروس
4-05 p.m. تلاوت۔ درس ملفوظات۔ خبریں
4-55 p.m. نظم۔ درود شریف
5-00 p.m. خطبہ جمعہ۔ (براہ راست)
6-00 p.m. دستاویزی پروگرام
6-30 p.m. مجلس عرفان
(ریکارڈ: 6/ اکتوبر 2000ء)
7-35 p.m. خطبہ جمعہ
8-35 p.m. چلڈرنز کارنر
9-05 p.m. جرمن سروس
10-05 p.m. تلاوت۔ درس الحدیث
10-35 p.m. اردو کلاس نمبر 465
11-50 p.m. لقاء مع العرب

اپنا جائزہ لیجئے کہ اس بار آپ کے گھر کے کن کن افراد نے جمعہ پڑھا

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 2 روپے 50 پیسے

مرتبہ: فرید احمد ناصر صاحب

# حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی احباب جماعت کو نصائح

## جماعت کے لئے نصیحت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:
"میں بار بار کہہ چکا ہوں کہ جس قدر کوئی شخص قرب حاصل کرتا ہے' اسی قدر مواخذہ کے قابل ہے۔ اہلبیت زیادہ مواخذہ کے لائق تھے۔ وہ لوگ جو دور ہیں' وہ قابل مواخذہ نہیں' لیکن تم ضرور ہو۔ اگر تم میں ان پر کوئی ایمانی زیادتی نہیں' تو تم میں اور ان میں کیا فرق ہوا۔ تم ہزاروں کے زیر نظر ہو۔ وہ لوگ گورنمنٹ کے جاسوسوں کی طرح تمہاری حرکات و سکنات کو دیکھ رہے ہیں۔ (-) جب آپ لوگ ویسے نہیں' تو قابل گرفت ہیں۔ گویہ ابتدائی حالت ہے' لیکن موت کا کیا اعتبار ہے۔ موت ایک ایسا ناگزیر امر ہے جو ہر شخص کو پیش آتا ہے جب یہ حالت ہے' تو پھر آپ کیوں غافل ہیں۔ جب کوئی شخص مجھ سے تعلق نہیں رکھتا' تو یہ امر دوسرا ہے (-) کیا صحابہؓ نے کبھی صدق و وفا پر قدم مارنے سے دریغ کیا۔ ان میں کوئی کسل تھا۔ کیا وہ دل آزار تھے؟ کیا ان کو اپنے جذبات پر قابو نہ تھا؟ کیا وہ منکسرالمزاج نہ تھے' بلکہ ان میں پرلے درجہ کا انکسار تھا۔ سو دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ تم کو بھی ویسی ہی توفیق عطا کرے' کیونکہ تذلل اور انکساری کی زندگی کوئی شخص اختیار نہیں کر سکتا جب تک کہ اللہ تعالیٰ اس کی مدد نہ کرے اپنے آپ کو ٹٹولو اور اگر بچہ کی طرح اپنے آپ کو کمزور پاؤ' تو گھبراؤ نہیں اھدنا الصراط المستقیم کی دعا صحابہ کی طرح جاری رکھو۔ راتوں کو اٹھو اور دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ تم کو اپنی راہ دکھلائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے بھی تدریجاً تربیت پائی۔ وہ پہلے کیا تھے۔ ایک کسان کی تخمریزی کی طرح تھے۔ پھر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آبپاشی کی۔ آپ نے ان کے لئے دعائیں کیں۔ بیج صحیح تھا اور زمین عمدہ تو اس آبپاشی سے پھل عمدہ نکلا۔ جس طرح حضور علیہ السلام چلتے اسی طرح وہ چلتے۔ وہ دن کا یا رات کا انتظار نہ کرتے تھے۔ تم لوگ سچے دل سے توبہ کرو' تہجد میں اٹھو' دعا کرو' دل کو درست کرو۔ کمزوریوں کو چھوڑ دو اور خدا تعالیٰ کی رضا کے مطابق اپنے قول و فعل کو بناؤ۔ یقین رکھو کہ جو اس نصیحت کو ورد بنائے گا اور عملی طور سے دعا کرے گا اور عملی طور پر التجاء خدا کے سامنے لائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر فضل کرے گا اور اس کے دل میں تبدیلی ہو گی۔ خدا تعالیٰ سے ناامید مت ہو۔"

(ملفوظات جلد اول ص 28)

## اپنی نیکیوں پر غرور مت کرو

"ہم اپنی جماعت کو کہتے ہیں کہ صرف اپنے پر وہ مغرور نہ ہو جائے کہ ہم نماز روزہ کرتے ہیں یا موٹے موٹے جرائم مثلاً زنا' چوری وغیرہ نہیں کرتے۔ ان خوبیوں میں تو اکثر غیر فرقہ کے لوگ مشرک وغیرہ تمہارے ساتھ شامل ہیں۔

تقویٰ کا مضمون باریک ہے۔ اس کو حاصل کرو۔ خدا کی عظمت دل میں بٹھاؤ۔ جس کے اعمال میں کچھ بھی ریاکاری ہو خدا اس کے عمل کو واپس الٹا اس کے منہ پر مارتا ہے۔ متقی ہونا مشکل ہے۔ مثلاً اگر کوئی تجھے کہے کہ تو نے قلم چرایا ہے تو تو کیوں غصہ کرتا ہے۔ تیرا پرہیز تو محض خدا کے لئے ہے۔ یہ طیش اس واسطے ہوا کہ رو بحق نہ تھا۔ جب تک واقعی طور پر انسان پر بہت سی موتیں نہ آجائیں وہ متقی نہیں بنتا۔ معجزات اور الہامات بھی تقویٰ کی فرع ہیں۔ اصل تقویٰ ہے۔ اس واسطے تم الہامات اور رویاء کے پیچھے نہ پڑو' بلکہ حصول تقویٰ کے پیچھے لگو۔ جو متقی ہے' اسی کے الہامات بھی صحیح ہیں اور اگر تقویٰ نہیں' تو الہامات بھی قابل اعتبار نہیں' ان میں شیطان کا حصہ ہو سکتا ہے۔ کسی کے تقویٰ کو اس کے ملہم ہونے سے نہ پہچانو' بلکہ اس کے الہاموں کو اس کی حالت تقویٰ سے جانچو اور اندازہ کرو۔ سب طرف سے آنکھیں بند کر کے پہلے تقویٰ کے منازل کو طے کرو۔ انبیاء کے نمونہ کو قائم رکھو۔ جتنے نبی آئے' سب کا مدعا یہی تھا کہ تقویٰ کی راہ سکھلائیں (-) مگر قرآن شریف نے تقویٰ کی باریک راہوں کو سکھلایا ہے (-) جو اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا چاہے اور معجزات دیکھنا چاہے اور خوارق عادت دیکھنا منظور ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنی زندگی بھی خارق عادت بنا لے۔ دیکھو امتحان دینے والے محنتیں کرتے کرتے مدقوق کی طرح بیمار اور کمزور ہو جاتے ہیں۔ پس تقویٰ کے امتحان میں پاس ہونے کے لئے ہر ایک تکلیف اٹھانے کے لئے تیار ہو جاؤ۔ جب انسان اس راہ پر قدم اٹھاتا ہے' تو شیطان اس پر بڑے بڑے حملے کرتا ہے۔ لیکن ایک حد پر پہنچ کر آخر شیطان ٹھہر جاتا ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے کہ جب انسان کی سفلی زندگی پر موت آکر وہ خدا کے زیر سایہ ہو جاتا ہے۔ وہ مظہر الٰہی اور خلیفۃ اللہ ہوتا ہے۔ مختصر خلاصہ ہماری تعلیم کا یہی ہے کہ انسان اپنی تمام طاقتوں کو خدا کی طرف لگا دے۔"

(ملفوظات جلد اول ص 512' 513)

## میری باتوں کو ضائع نہ کریں

"میں پھر پکار کر کہتا ہوں اور میرے دوست سن رکھیں کہ وہ میری باتوں کو ضائع نہ کریں اور ان کو صرف ایک قصہ گو یا داستان گو کی کہانیوں ہی کا رنگ نہ دیں' بلکہ میں نے یہ ساری باتیں نہایت دلسوزی اور سچی ہمدردی سے جو فطرتاً میری روح میں ہے' کی ہیں۔ ان کو گوش دل سے سنو اور ان پر عمل کرو۔

ہاں خوب یاد رکھو اور اس کو سچ سمجھو کہ ایک روز اللہ تعالیٰ کے حضور جانا ہے۔ پس اگر ہم عمدہ حالت میں یہاں سے کوچ کرتے ہیں تو ہمارے لئے مبارکی اور خوشی ہے' ورنہ خطرناک حالت ہے۔ یاد رکھو کہ جب انسان بری حالت میں جاتا ہے' تو مکاں بعید اس کے لئے یہیں سے شروع ہو جاتا ہے۔ یعنی نزع کی حالت ہی سے اس میں تغیر شروع ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (-) یعنی جو شخص مجرم بن کر آوے گا۔ اس کے لئے ایک جہنم ہے' جس میں نہ مرے گا اور نہ زندہ رہے گا۔ یہ کیسی صاف بات ہے۔ اصل لذت زندگی کی راحت اور خوشی ہی میں ہے' بلکہ اسی حالت میں وہ زندہ متصور ہوتا ہے جبکہ ہر طرح کے امن و آرام میں ہو۔ اگر وہ کسی درد مثلاً قولنج یا درد دانت ہی میں مبتلا ہو جاوے تو وہ مردوں سے بدتر ہوتا ہے اور حالت ایسی ہوتی ہے کہ نہ تو مردہ ہی ہوتا ہے اور نہ زندہ ہی کہلا سکتا ہے۔ پس اسی پر قیاس کر لو کہ جہنم کے دردناک عذاب میں کیسی بری حالت ہو گی۔"

(ملفوظات جلد اول ص 90)

## اعمال صالحہ اور تقویٰ

"میں اپنی جماعت کو مخاطب کر کے کہتا ہوں کہ ضرورت ہے اعمال صالحہ کی۔ خدا تعالیٰ کے حضور اگر کوئی چیز جا سکتی ہے' تو وہ یہی اعمال صالحہ ہیں۔ (-) فتح اور نصرت اسی کو ملتی ہے جو متقی ہو خدا تعالیٰ نے یہ وعدہ فرما دیا ہے۔ (-) (الروم: 48) مومنوں کی نصرت ہمارے ذمہ ہے۔ (-) (النساء: 142) اللہ مومنوں پر کافروں کو راہ نہیں دیتا' اس لئے یاد رکھو کہ تمہاری فتح تقویٰ سے ہے' ورنہ عرب تو نرے لیکچرار اور خطیب اور شاعر ہی تھے۔ انہوں نے تقویٰ اختیار کیا۔ خدا تعالیٰ نے اپنے فرشتے ان کی امداد کے لئے نازل کئے۔ تاریخ کو اگر انسان پڑھے تو اسے نظر آجائے گا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے جس قدر فتوحات کیں وہ انسانی طاقت اور سعی کا نتیجہ نہیں ہو سکتا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تک بیس سال کے اندر ہی اندر اسلامی سلطنت عالمگیر ہو گئی۔ اب ہم کو کوئی بتا دے کہ انسان ایسا کر سکتا ہے"

(ملفوظات جلد اول ص 114' 115)

## اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کریں

"ہماری جماعت کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے کہ وہ اپنے اندر پاک تبدیلی کریں' کیونکہ ان کو تو تازہ معرفت ملتی ہے اور اگر معرفت کا دعویٰ کر کے کوئی اس پر نہ چلے۔ تو یہ نری لاف گزاف ہی ہے۔ پس ہماری جماعت کو دوسروں کی سستی غافل نہ کر دے اور اس کو کاہلی کی جرات نہ دلاوے۔ وہ ان کی محبت سرد دیکھ کر خود بھی دل سخت نہ کر لے۔

انسان بہت آرزوئیں اور تمنائیں رکھتا ہے۔ مگر غیب کی قضاء و قدر کی کس کو خبر ہے۔ زندگی آرزوؤں کے موافق نہیں چلتی۔ تمناؤں کا سلسلہ اور ہے' قضاء و قدر کا سلسلہ اور ہے۔ اور وہی سچا سلسلہ ہے۔ خدا کے پاس انسان کے سوانح سچے ہیں۔ اسے کیا معلوم ہے اس میں کیا لکھا ہے۔ اس لئے دل کو جگا جگا کر غور کرنا چاہئے۔"

(ملفوظات جلد اول ص 157' 158)

## تم خدا کے عزیزوں میں شامل ہو جاؤ

"دن بہت ہی نازک ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے غضب سے سب کو ڈرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کسی کی پرواہ نہیں کرتا' مگر صالح بندوں کی۔ آپس میں اخوت اور محبت کو پیدا کرو اور درندگی اور اختلاف کو چھوڑ دو۔ ہر ایک قسم کے ہزل اور تمسخر سے کنارہ کش ہو جاؤ' کیونکہ تمسخر انسان کے دل کو صداقت سے دور کر کے کہیں کا کہیں پہنچا دیتا ہے۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ عزت سے پیش آؤ۔ ہر ایک اپنے آرام پر اپنے بھائی کے آرام کو ترجیح دیوے۔ اللہ تعالیٰ سے ایک سچی صلح پیدا کر لو اور اس کی اطاعت میں واپس آجاؤ۔ اللہ تعالیٰ کا غضب زمین پر نازل ہو رہا ہے اور اس سے بچنے والے وہی ہیں جو کامل طور پر اپنے سارے گناہوں سے توبہ کر کے اس کے حضور میں آتے ہیں۔

تم یاد رکھو کہ اگر اللہ تعالیٰ کے فرمان میں تم اپنے تئیں لگاؤ گے اور اس کے دین کی حمایت میں ساعی ہو جاؤ گے۔ تو خدا تمام رکاوٹوں کو

# ملکی خبریں

قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ: 6 اکتوبر۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں
کم سے کم درجہ حرارت 24 درجے سنٹی گریڈ
زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 درجے سنٹی گریڈ
ہفتہ 7۔اکتوبر۔ غروب آفتاب۔ 5-49
اتوار 8۔اکتوبر۔ طلوع فجر۔ 4-43
اتوار 8۔اکتوبر۔ طلوع آفتاب 6-04

## بھارت کشمیر میں تشدد بند کرائے

امریکہ کے نائب وزیر خارجہ کارل انڈر فرتھ نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں قابض بھارتی افواج کی طرف سے نہتے کشمیریوں پر تشدد اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بند کرائے اور مسئلہ کو پرامن طریقے سے مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔ تشدد بند کرانے سے مذاکرات کیلئے سازگار ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔ دونوں ملکوں کو کشمیر کا مسئلہ حل کرنے کیلئے مذاکرات کرنے چاہئیں۔

## ذوالفقار مگسی کا 45 روز کا ریمانڈ

کوئٹہ کی احتساب عدالت نے بلوچستان کے سابق وزیراعلیٰ نواب ذوالفقار علی مگسی کو 45 روز کے ریمانڈ پر ریب کے حوالے کر دیا ہے۔ ان پر سرکاری فنڈز میں خورد برد اور اختیارات کے ناجائز استعمال کا الزام ہے۔ ان کی پیشی کے موقع پر سخت حفاظتی اقدامات کئے گئے۔

## گورنر پنجاب اور وزیر داخلہ میں کوئی اختلاف نہیں

وزیر اطلاعات جاوید جبار نے کہا ہے کہ گورنر پنجاب اور وزیر داخلہ میں کوئی اختلاف نہیں۔ وہ دونوں اچھے دوست ہیں۔ اختلاف رائے ہر شخص کا حق ہے۔ دونوں ایک ہی نظام کا حصہ ہیں اور اپنا اپنا نکتہ نظر رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت غیرت کے نام پر قتل کی اجازت نہیں دے گی۔ انسانی حقوق سے متعلق مضمون کو نصاب کا حصہ بنایا جائے گا۔ چائلڈ لیبر کا خاتمہ کر دیں گے۔

## بھارتی طیارے پھر گھس آئے

بھارتی طیارے پھر آزاد کشمیر میں گھس آئے۔ سرحدی دیہات پر مسلسل پروازیں کر رہے ہیں۔ کھوئی رٹہ سیکٹر میں گولہ باری سے خاتون شہید ہو گئی جبکہ 3۔افراد زخمی ہوئے۔

## نئے بھارتی جرنیل کی آمد

مقبوضہ کشمیر میں نئے بھارتی آرمی چیف جنرل پدم نابھن کی آمد پر مجاہدین نے 32 بھارتی ہلاک کر دیئے۔ مجاہدین کے حملوں میں زبردست تیزی آگئی العمر مجاہدین نے فوجی بنکروں اور گشتی پارٹیوں میں متعدد فوجی مار ڈالے۔ العمر کے ترجمان نے کہا کہ ہم نے بھارتی جنرل کو اس کی اوقات دکھا دی۔

## تاجروں کے خلاف ایکشن

پولیس نے راولپنڈی میں تاجروں کے ہڑتالی کیمپ اکھاڑ دیئے۔ کوئٹہ میں 14۔ تاجر گرفتار کر لئے گئے۔ راولپنڈی میں پولیس کی بھاری نفری نے مری روڈ اصغر مال چوک میں ٹینٹ کرسیاں اور دیگر سامان قبضے میں لے کر تاجروں کو منتشر کر دیا۔ پشاور کے چوک یادگار میں تاجروں نے بھوک ہڑتالی کیمپ لگایا۔ ملتان کی مسجد ولی محمد کے سامنے تاجروں نے 10 بجے سے ڈیڑھ بجے تک بھوک ہڑتال میں حصہ لیا۔

## لاہور میں تاجر ناکام رہے

لاہور میں تاجروں کی بھوک ہڑتال کی کال ناکام رہی۔ تاجر احتجاج کی بجائے کاروبار کرتے رہے۔ تاجروں نے عذر کیا کہ انتظامیہ نے ان کو کیمپ نہیں لگانے دیئے۔ اب مارکیٹوں میں لگانے کا سوچ رہے ہیں۔

## معاملات ٹھیک ہو گئے

گورنر پنجاب نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ کے ساتھ ان کے معاملات ٹھیک ہو گئے ہیں۔ ان سے سوال کیا گیا کہ وزیر داخلہ امن و امان کے بارے میں پنجاب ہی کو تنقید کا نشانہ کیوں بناتے ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ اب معاملہ ٹھیک ہو گیا ہے۔

## نواز شریف کی درخواست مسترد

لاہور ہائی کورٹ نے نواز شریف کی یہ درخواست مسترد کر دی ہے کہ ان کو خود پیش ہو کر اپنا موقف بیان کرنے کی اجازت دی جائے نواز شریف نے وکیل کرنے سے انکار کر دیا۔ نواز شریف احتساب کیس کی قلعہ اٹک میں منتقلی کی درخواست پر اپنے دلائل خود پیش کرنا چاہتے تھے۔

## جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا اجلاس

جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا اجلاس گذشتہ روز چیف ایگزیکٹو کی صدارت میں ہوا جس میں تینوں مسلح افواج کے سربراہان اور اعلیٰ فوجی افسران نے شرکت کی۔ قومی سلامتی کے امور پر غور کیا گیا۔

## طالب علم رہنما اور دو ساتھی قتل

پی ایس ایف سیالکوٹ کے صدر کو ان کے دو ساتھیوں سمیت قتل کر دیا گیا۔ موٹر سائیکل سواروں نے تینوں کو بھرے بازار میں گولیوں سے چھلنی کر دیا۔

## 15 روز میں سفارشات مکمل

حمود الرحمان کمشن کی رپورٹ پر غور کرنے والی کمیٹی اپنی سفارشات 15 روز میں مکمل کر لے گی۔ اس کے بعد اس کو شائع کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔

## بجلی کی تار گرنے سے 3 عورتیں ہلاک

ملتان کے علاقے مظفر آباد میں گھر میں سوئی ہوئی عورتوں کے اوپر 11 ہزار کلوواٹ کی تار ٹوٹ کر گر گئی جس سے تینوں عورتیں ہلاک اور 3 بچے بری طرح جل گئے۔

## ہر دن یوم سیاہ

بیگم کلثوم نواز نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت جب سے آئی ہے ہر دن یوم سیاہ رہا ہے۔ والدین میں بچوں کو دو وقت روٹی کھلانے کی سکت نہیں رہی۔

## ہم بھارت کی مدد چاہتے ہیں

ایم کیو ایم کے سربراہ الطاف حسین نے کہا ہے کہ میں مقبوضہ کشمیر میں جا کر بتاؤں گا کہ ہم بھارت کی مدد چاہتے ہیں۔ کشمیری بھائیوں پر واضح کروں گا کہ پاکستان میں مہاجروں سے کیا سلوک ہو رہا ہے۔ صرف 46 خاندانوں نے ملک کی ساڑھے تیرہ کروڑ آبادی کو یرغمال بنا رکھا ہے۔

## مجاہدین کی آپس میں جھڑپیں

آزاد کشمیر کے کیمپ پر قبضہ کرنے کیلئے حزب المجاہدین اور پیر پنجال گروپ کے درمیان تنازعہ شدت اختیار کر گیا گذشتہ رات دونوں تنظیموں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ہلکے مارٹر گولے بھی برسائے گئے دونوں طرف کے متعدد کارکن زخمی ہوئے۔

## قیمتیں کم ہو جائیں گی

گورنر پنجاب نے کہا ہے کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں دو دن میں مزید کم ہو جائیں گی۔ بعض لوگ غریبوں کو امریکی ڈالر کا نام لے کر ڈراتے ہیں غریب کا مسئلہ تو آٹے اور آلو کی قیمت میں اضافہ ہے۔

## مشرف کو بینظیر کا خط

بینظیر بھٹو نے جنرل مشرف کو خط لکھا ہے کہ میرے سیاسی ساتھیوں کو قتل یا غائب کیا جا رہا ہے نوڈیرو کے صدر مراد بھٹو، عہدیدار جمیل چشتی اور میرے سابق ڈرائیور کو قتل کیا گیا۔ واحد بخش بھٹو تین ہفتوں سے لاپتہ ہیں۔ بینظیر نے ایکشن لینے کی اپیل کی ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆


ہر قسم کے پھولدار پودوں کے حصول کے لئے گلشن احمد نرسری سے رابطہ کیجئے

**PRINCE TRADERS**

Manufacturer and supplier of Steel Furniture, Special Wardrobe and Office Cabinet Steel Chairs

6-G, Shama Plaza, 72- Ferozepur Road, Lahore. ☎ 7581381, 7591271

Khalid Mahmood Bhatti
*Chief Executive*

بھٹی ہومیوپیتھک کلینک اینڈ سٹورز (اوقات آجکل)
صبح 9 تا 2 — اقصیٰ چوک — فون نمبر 213698
شام 5 تا 9 — رحمت بازار — فون رہائش 211186
فون یا خط سے بھی مشورہ یا دوائی منگوا سکتے ہیں

مریم میڈیکل سنٹر
زچہ و بچہ کی سہولت
بے اولاد عورتوں کی مکمل علاج گاہ
24 گھنٹے ایمرجنسی سروس
یادگار چوک ربوہ۔ فون 213944

چاندی میں الیس اللہ کی انگوٹھیوں کی نادر ورائٹی
فرحت علی جیولرز اینڈ زری ہاؤس
یادگار روڈ ربوہ — فون 213158

دانتوں کا معائنہ مفت - عصر تا عشاء
احمد ڈینٹل کلینک
طارق مارکیٹ اقصیٰ چوک ربوہ
ڈینٹسٹ: رانا مدثر احمد

بلال انٹرپرائزز
ڈسٹری بیوٹر: ذائقہ بناسپتی و کوکنگ آئل
سبزی منڈی۔ اسلام آباد
آفس ☎ 051-440892-441767
رہائش ☎ 051-410090

4 ہفتے کا استعمال۔ موٹاپے کا زوال
FB فائٹولیکا بیری اپنائیں۔ زرمبادلہ بچائیں
(ہومیوپیتھک ادویات کا مرکز)
ایف بی ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
طارق مارکیٹ ربوہ ☎ 212750

ناصر پیکجز انٹرنیشنل
کیروگیٹڈ کارٹن بنانے والے
عقب اتفاق فونڈری نزد اتفاق گرڈ اسٹیشن
کوٹ لکھپت لاہور۔ فون نمبر 5823545-6


رجسٹرڈ سی پی ایل نمبر 61